# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 25 August 2026**
**Time : 09:25 AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے نوجوان ڈپلومیٹس پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے تعیناتی کے ممالک میں نچلی سطح پر عوامی رابطے کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں کے مقامی طبقوں کے ساتھ بھارت کے رشتوں کو استوار کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔سیوا تیرتھ نئی دلی میں انڈین **Foreign** سروس کے **2025** بیچ کے آفیسر ٹرینیز کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے ان افسروں سے تلقین کی وہ روایتی سفارتی حدود کو وسعت دیکر لوگوں کے ساتھ بہتر تال میل بنائیں۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے تمام ایجنسیوں کو ہدایات دیں ہے کہ وہ دراندازی کے خلاف سخت اقدامات کریں۔نئی دلی میں **9** ویں نیشنل سیکورٹی سٹریٹجیز کانفرنس **2026** کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ہدایات دیں کہ مختلف قومی سلامتی چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ایس او پیز وجود میں لانے کی خاطر ملٹی ایجنسی سینٹر پلیٹ فارم پر جانکاری کی مصنوعی ذہانت پر مبنی **Analysis** کی جانی چاہیئے۔وزیر داخلہ نے دہشت پسندی اور انتہا پسندی کا مؤثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے وزارت داخلہ کی پر یہار نامی اسکیم کی مؤثر عمل آوری کیلئے تربیت دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔کانفرنس کے پہلے دن قومی سلامتی سے متعلق اہم معاملات پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

ایل جی راکھی

لوک بھون جموں وکشمیر میں ڈی پی ایس بارہمولہ کے طلباء کیلئے خصوصی رکشا بندھن تقریب کاانعقاد کیا گیا۔اس موقع پرطلباء نےلیفٹیننٹ گورنرمنوج سنہا کو راکھی باندھی اور مبارکباد پیش کی ۔لیفٹیننٹ گورنر نےطلباء پر زور دیا کہ وہ رکشا بندھن کے حقیقی جذبے کو آگے بڑھاتے ہوئے امن ،محبت ،اتحاد اور ہم آہنگی کا پیغام عام کریں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر شہر میں آوارہ کتوں کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے ایک منظم لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے سرینگر میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس ضمن میں بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کریں ۔سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ جموں صوبے کی طرز پر کشمیر صوبے میں بھی اس مسئلے سے نمٹنے کیلئے **Sterlization** کو موثر طریقے پر بروئے کار لایا جانا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ حکومت اس حوالے سے تمام تر تعاون دینے کیلئے تیار ہے ۔اسی دوران وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے اس دورے میں بجلی فیس میں تھوڑا اضافہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔

------**CM Byte**---------

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے سماج کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے میں تعلیم کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں معیارِ تعلیم میں اضافہ کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں ۔راولپورہ سرینگر میں ایک نجی تعلیمی ادارے کی یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس شعبے کو دوام بخشنے کیلئے سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹروں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے ۔انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ ایک ایسا ماحول تیار کریں جس میں معمول کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کو اخلاقی تعلیم اور دیگر اقدار سے بھی روشناس کرایا جاسکے ۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید کل پورے مذہبی جوش وخروش اور تذک واحتشام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہورہی ہے، جہاں آج رات بھر عقیدت مند شبِ بیداری کی مجلس میں محو رہیں گے اور اسکے بعد کل وہاں نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جائے گی۔اسی طرح کی تقریبات وادی کی دیگر خانقاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں بھی منعقد ہورہی ہیں۔انتظامیہ نے زائرین کی سہولیت کے لئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل درگاہ حضرتبل میں انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں سے کہا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے اس بات کو یقینی بنائیں کہ لوگوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

چیف جسٹس

جموں وکشمیر ولداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کمار نے ضلع اننت ناگ کے انتظامی جج اور جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجے دھر کی موجودگی میں ضلع کورٹ کمپلیکس اننت ناگ میں وکلاء کیلئے تعمیر کئے گئے نئے چیمبرس کا افتتاح کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **17** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **9** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ